P-397

Roll No. of the Student						

Serial No. Of the Answer Book: ____________

Paper Code: ① ② ●

اسلامیات لازمی پارٹ-1

HSSC-11th-Swat-2026

وقت: 15 منٹ　　　　نمبر: 10

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزاء حل کریں۔ ہر سوال کیساتھ چار جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیئے گئے طریقے سے OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔ ●

(2) دائروں کو (شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

حصہ الف

I. i. "یَا أَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللہَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا" اس آیت میں "قَوْلًا سَدِیْدًا" سے مراد ہے۔

● سیدھی بات　Ⓑ مختصر بات　Ⓒ میٹھی بات　Ⓓ تفصیلی بات

ii. صحیح بخاری کے مؤلف کا نام ہے۔

Ⓐ محمد بن عیسیٰ　Ⓑ محمد بن یزید　● محمد بن اسمٰعیل　Ⓓ احمد بن علی

iii. رشتے میں رسول اللہ ﷺ کے چچا تھے۔

Ⓐ ابوسفیان　Ⓑ ابوجہل　● ابولہب　Ⓓ عبدالمطلب

iv. حدیث کے مطابق ایک برائی نیکیوں کو اس طرح کھا جاتی ہے جیسے آگ خشک لکڑی کو۔ وہ ہے۔

Ⓐ تکبر　Ⓑ غیبت　Ⓒ منافقت　● حسد

v. "وَیُؤْثِرُوْنَ عَلٰی أَنْفُسِھِمْ وَلَوْ کَانَ بِھِمْ خَصَاصَۃٌ" اس آیت میں تعریف کی گئی ہے۔

Ⓐ عدل کرنے والوں کی　Ⓑ سخاوت کرنے والوں کی　● ایثار کرنے والوں کی　Ⓓ تہجد پڑھنے والوں کی

vi. حدیث کے مطابق جنت کی خوشبو سے بھی محروم رہے گا۔

● والدین کا نافرمان　Ⓑ اساتذہ کا نافرمان　Ⓒ بزرگوں کا نافرمان　Ⓓ رشتہ داروں کا نافرمان

vii. پاکستان کی تشکیل ہوئی تھی۔

Ⓐ یکم شوال کو　Ⓑ یکم محرم کو　Ⓒ 25 شعبان کو　● 27 رمضان کو

viii. نورانی مخلوق ہے۔

Ⓐ انسان　Ⓑ جنات　● فرشتے　Ⓓ انبیاء

ix. سنتِ نبوی کی حفاظت کا انتظام فرمایا ہے۔

Ⓐ محدثین نے　Ⓑ مفسرین نے　Ⓒ صحابہ کرام نے　● اللہ تعالیٰ نے

x. قرآن میں توحید پر مبنی سورت ہے۔

Ⓐ سورۂ فاتحہ　● سورۂ اخلاص　Ⓒ سورۂ قدر　Ⓓ سورۂ کوثر

tayarri.com

112601 P-398

اسلامیات لازمی پارٹ-I

HSSC-11th-Swat-2026

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت ایک گھنٹہ اور 45 منٹ ہیں۔

حصہ "ب"

II. مندرجہ ذیل میں سے کسی 6 اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔ نمبر: 24

i. "وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ" ترجمہ کریں، نیز ذات میں شرک اور صفات میں شرک سے کیا مراد ہے؟

ii. "مَا يَلْفِظُ مِن قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ" ترجمہ کریں، نیز کراماً کاتبین کون ہیں اور کیا فریضہ سر انجام دیتے ہیں؟

iii. اسلامی تشخص سے کیا مراد ہے؟ نیز نماز کے دو فائدے لکھیں۔

iv. "وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ نَّحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُمْ إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْئًا كَبِيرًا" ترجمہ لکھیں، نیز والدین کے حقوق کے حوالے سے دو احادیث لکھیں۔

v. "اَلَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَلَا يَنقُضُونَ الْمِيثَاقَ" ترجمہ کریں، نیز ایفائے عہد کے حوالے سے ایک حدیث اور آپ ﷺ کی زندگی سے ایک واقعہ لکھیں۔

vi. اخلاقِ رذیلہ سے کیا مراد ہے؟ تین ایسے ناپسندیدہ اعمال کی نشان دہی کریں جو جھوٹ کی تعریف میں آتے ہیں۔

vii. قرآن مجید کی کوئی سی چار امتیازی خصوصیات کی وضاحت تحریر کریں۔

viii. وحی کے لغوی و اصطلاحی تعریف لکھیں، نیز بتائیں کہ پہلی وحی میں نبی کریم ﷺ اور جبرائیل علیہ السلام کے درمیان کیا مکالمہ ہوا؟

حصہ "ج"

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالات کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔ نمبر: 16

III. (الف) ناموسِ رسالت سے کیا مراد ہے؟ نیز مجموعہ تعزیراتِ پاکستان میں دفعہ 295 C کا اضافہ کیوں کیا گیا؟

(ب) "أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ"
ترجمہ کریں، نیز بتائیں کہ انسانی عقل کس بنیاد پر یومِ آخرت کا تقاضا کرتی ہے؟ دو نکات قلمبند کریں۔

IV. (الف) جہاد بالسیف سے کیا مراد ہے؟ اس کی دو اقسام بیان کریں۔

(ب) پڑوسی کیوں اہم ہوتے ہیں؟ دو وجوہات بیان کریں، نیز پڑوسیوں کے ساتھ حسنِ سلوک کے حوالے سے نبی کریم ﷺ کی دو احادیث لکھیں۔

V. (الف) "وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا أَصَابَكَ إِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ" ترجمہ کریں، نیز آپ ﷺ کی زندگی سے دو مثالیں دیں جس میں آپ ﷺ نے صبر کا مظاہرہ کیا ہو۔

(ب) حدیث کی اصطلاحی تعریف لکھ کر اس کی تین اقسام بیان کریں۔